ZIL
LIMITED

# ڈائیریکٹرز کا انتخاب

## کمپنیات ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹(۴) کے تحت نوٹس

ممبران کو بذریعہ نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیات ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹(۳) کے مطابق درج ذیل افراد نے بروز منگل ۲۸ جون ۲۰۲۲ء بوقت ۱۰:۰۰ بجے بمقام رائل روڈیل، پلاٹ نمبر، ٹی سی۔وی، ۳۴ اسٹریٹ، خیابانِ سحر، فیز ۵ (توسیع)، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان میں ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں ڈائیریکٹر کے طور پر خود کو پیش کرنے کے اپنے ارادے سے کمپنی کو آگاہ کیا ہے:

۱۔محترمہ فیریل علی مہدی ۲۔جناب مبشر حسن انصاری

۳۔جناب سعد امان اللہ خان ۴۔جناب سیّد حسنین علی

۵۔جناب میر محمد علی (آزاد) ۶۔ جناب احسن رشید (آزاد)

۷۔جناب محمد سلمان حسین چاولہ (آزاد)۔

چونکہ انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیات ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹(۱) کے تحت بورڈ کے مقرر کردہ منتخب کئے جانے والے ڈائیریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہیں ہے، اس لئے مندرجہ بالا سات (۷) افراد غیر معمولی اجلاسِ عام میں بطورِ ڈائیریکٹرز منتخب قرار پائیں گے۔

محمد شاہد

کمپنی سیکریٹری

کراچی: جون ۲۱، ۲۰۲۲ء